# 28-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام کے 125 ویں اپی سوڈ میں کہا کہ سال 2025 ملک کے لیے قابلِ فخر کئی اہم واقعات کا گواہ بنے گا۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے وِکست بھارت کے خواب کو حقیقت بنانے کے لیے ملک کے عوام سے عزم و حوصلے کے ساتھ تعمیری شراکت داری اختیار کرنے کی اپیل کی۔

۳۔کل سے تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کا ہوگا آغاز۔کئی اہم موضوعات پر ہوگی بحث۔

۴۔حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے اطلاع دی ہے کہ آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست بھر میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے 2 سے 3 ڈگری سینٹی گریڈ کم رہنے کا امکان ہے۔

YEAR ENDER– INFRASTUCTURE

یہ سال ملک کی ترقی کے سفر کا ایک اہم باب رہا ہے۔بہتر طریقہ سے حکومت کی جانب سے نظم ونسق عمل میں لایا جارہا ہے۔اصلاحات کے سال کے سلسلے میں،آج بنیادی ڈھانچے کے میدان میں ملک کی ترقی پر پیش ہے ایک رپورٹ ہے۔

وائس کاسٹ: ملک نے اس سال بنیادی ڈھانچے کے تمام پہلوؤں میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔

بنیادی ڈھانچہ کے سلسلہ میں ملک تبدیلی حاصل کرتے ہوئے پیشرفت کی ہے۔جاریہ مالی سال،حکومت نے بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں سرمایہ کاری کو بڑھا کر 11 لاکھ کروڑ روپے یا جی ڈی پی کا 3.1 فیصد کردیا ہے۔جاریہ سال ریلوے کی ترقی نے کئی سنگ میل عبور کئے ہیں۔تاملناڈو میں سمندر پر ملک کا پہلا ریلوے عمودی پل کا افتتاح کیا گیا۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ چناب پل جیسے پروجیکٹ جو ریاست میزورم کو پہلی بار ریلوے نیٹ ورک سے جوڑیں گے،لوگوں کی زندگیوں کو بدل رہے ہیں۔

Sound Byte Modi

ملک دنیا کا تیسرا سب سے بڑا میٹرو سسٹم بن گیا ہے، میٹرو ریل نیٹ ورک ایک دہائی قبل 240 کلومیٹر سے بڑھ کر اس سال 1,000 کلومیٹر سے زیادہ ہو گیا ہے۔ وندے بھارت ٹرینوں نے بھی ریاستوں کے درمیان رابطہ کو بہتر کیا ہے۔ ایرپورٹس کی تعداد 74 سے بڑھ کر 163 ہوگئی ہے جس سے یہ دنیا کی تیسری سب سے بڑی گھریلو ایوی ایشن مارکیٹ ہے۔ ان پیش رفتوں کے ساتھ ساتھ قومی شاہراہوں کے نیٹ ورک کی نمایاں توسیع نے بھی جاریہ سال اقتصادی توسیع میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

MKB

ا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات کے 129 ویں اپی سوڈ میں کہا کہ سال 2025 ہمارے ملک کے لئے بہت سے قابل فخر واقعات کا گواہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور نے ملک کی طاقت اور صلاحیتوں کو دنیا کے سامنے آشکار کیا ہے اور آپریشن سندور ملک کے ہر شہری کے لئے باعث فخر بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وندے ماترم گیت کی تشکیل کے 150 سال مکمل ہونے کے موقع پر ملک بھر کے لوگوں میں اتحاد کے جذبے کا اظہار کیا گیا ہے۔

**بائٹ: سال کا آغاز، آپریشن سندھور**

۲۔ آندھرا پردیش لیس کرافٹ (بائٹ)

وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے روایتی فنون معاشرے پر گہرے اثرات مرتب کر رہے ہیں اور یہ خوشی کی بات ہے کہ یہ معاشی روزگار بھی فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے ذکر کیا کہ آندھرا پردیش میں نرساپورم علاقہ کا لیس کرافٹ بہت خاص ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فن کو جی آئی ٹیگ بھی دیا گیا ہے اور اس فن کے ذریعہ لاکھوں خواتین کو روزگار مل رہا ہے۔

**بائٹ: آندھرا پردیش لیس کرافٹ**

۳۔ وزیراعظم نریندر مودی نے وکاسیت بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت کو خوش آئند پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے اس موضوع پر منعقدہ کوئز مقابلوں میں 50 لاکھ سے زائد

نوجوانوں کی شرکت پر خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ینگ لیڈرس ڈائیلاگ کا دوسرا پروگرام اگلے مہینے کی 12 تاریخ کو نیشنل یوتھ ڈے یعنی سوامی وویکانند کی یوم پیدائش پر منعقد کیا جائے گا۔

**بائٹ: وی بی ینگ لیڈرز ڈائیلاگ اور اسمارٹ انڈیا ہیک تھان**

۴۔ جموں کے بدھ اسٹوپا

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ریاست جموں وکشمیر کا تاریخی اور ثقافتی ورثہ بہت امیر ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ بارہمولہ اور جھاگ پورہ میں بدھ اسٹوپا کی تقریباً دو ہزار سال کی تاریخ ہے اور تاریخی تحقیق نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ جو پہاڑیاں اور ٹیلے نظر آرہے ہیں وہ اس وقت کے انسانوں کے بنائے ہوئے بڑے ڈھانچوں کی باقیات ہیں۔انہوں نے کہا کہ فرانس کے آثار قدیمہ کے ایک میوزیم میں ان ڈھانچوں کی تصاویر کی دریافت ہماری ماضی کی بھرپور تاریخ کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

**بائٹ: جموں کے بدھ اسٹوپا**

۵۔ دبئ میں کنڑ، کاشی تمل سنگم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دنیا کے مختلف ممالک میں رہنے والے ہندوستانی باشندے اپنی تہذیب سے جڑے رہتے ہوئے ملک کی عظمت، زبان اور ثقافتی ورثہ کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔آج کے من کی بات پروگرام میں انہوں نے دبئ کے کنڑ اسکول اور فجی کے راکی علاقہ میں قائم تمل اسکولوں کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔

**بائٹ: دبئ کنڑ، کاشی تمل**

٦۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئندہ ماہ ملک اپنا 77 واں یومِ جمہوریہ منائے گا اور ایسے خاص مواقع پر آزادی کے مجاہدین اور آئین سازوں کی دی ہوئی تحریک اور شعور ہمارے سامنے مجسم ہو جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آزادی کی جدوجہد میں کئی گمنام ہیرو شریک تھے جنہیں مناسب شناخت نہیں مل سکی۔اس موقع پر انہوں نے اڈیشہ سے تعلق رکھنے والی ایسی ہی ایک آزادی کی مجاہدہ، پاروتی گری کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔

**بائٹ: آزادی کی مجاہدہ**

۷۔وکست بھارت

وزیراعظم نے کہا کہ وکست بھارت کے خواب کو حقیقت بنانے کے لئے عوام من کی بات کے ذریعہ اپنے خیالات اور تجاویز ان کے ساتھ شیئر کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی تجاویز اور مشورے وکست بھارت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کریں گے۔وزیراعظم نے اس عزم کے ساتھ خواہش ظاہر کی کہ سال 2026 میں ملک تمام شعبوں میں ترقی کرے۔

بائٹ:وکست بھارت

Exhibition

ریاستی وزیر صنعت سریدھر بابو نے کہا کہ نمائش 2026 کا انعقاد یکم جنوری سے 15 فروری تک کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ چھوٹی اور درمیانے درجہ کی صنعتیں اس نمائش میں اسٹال لگا سکتی ہیں جو آل انڈیا انڈسٹریل ایگزیبیشن سوسائٹی کے زیر اہتمام منعقد کی جائے گی۔نمائش جس میں 1050 اسٹالس ہیں، روزانہ شام 4 بجے سے رات 10:30 بجے تک جاری رہے گا۔ریاستی وزیر نے کہا کہ داخلہ فیس 50 روپے ہے اور پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے داخلہ مفت ہوگا۔

Founding Day

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کانگریس پارٹی کے قائدین اور کارکنوں کو پارٹی کے یومِ تاسیس کی مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی ہندوستان کی آزادی کی تحریک کے دور سے لے کر آج تک ایک طویل سفر طے کر رہی ہے اور جمہوری امنگوں کی ترجمان کے طور پر کھڑی ہے۔آج حیدرآباد میں گاندھی بھون میں آل انڈیا نیشنل کانگریس پارٹی کی 141 ویں یومِ تاسیس کی تقریبات منعقد کی گئیں۔اس موقع پر ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے جواہر لعل نہرو اور سردار ولبھ بھائی پٹیل کی تصاویر پر گلہائے عقیدت پیش کیا۔اس تقریب میں ریاستی وزراء پونم پربھاکر، اظہرالدین کے علاوہ کئی ایم ایل ایز اور ایم ایل سیز نے شرکت کی۔

Kavitha

تلنگانہ جاگروتی تنظیم کی صدر کے کویتا نے کہا ہے کہ ریجنل رنگ روڈ کی وجہ سے اراضیات کھونے والے بے گھر افراد کے مسائل پر 5 جنوری کو ایک راؤنڈ ٹیبل اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت نے تین مرتبہ ریجنل رنگ روڈ کی الائمنٹ تبدیل کر کے بعض افراد کے مفادات کے تحفظ کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آٹھ اضلاع سے تعلق رکھنے والے بے گھر کسانوں کے ساتھ دہلی جا کر مرکزی وزیر نتن گڈکری سے ملاقات کی جائے گی۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے کہا ہے کہ گرام پنچایت انتخابات کے نتائج سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت کے خلاف عوام میں ناراضگی پائی جاتی ہے۔ وہ ناگر کرنول ضلع میں بی آر ایس کی حمایت سے منتخب ہونے والے سرپنچوں کی تہنیتی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی ناقابل عمل وعدے کر کے اقتدار میں آئی اور کسانوں کے تئیں لاپرواہ رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ کے ٹی آر نے اعتماد ظاہر کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں ریاست میں بی آر ایس کی حکومت قائم ہوگی۔

Mann Ki Baat Reaction

وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کو سننے کے بعد متعدد افراد نے آل انڈیا ریڈیو پر اپنی رائے اور ردِعمل کا اظہار کیا۔

Sound Byte.

Announcement

وزیر اعظم کے من کی بات خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے دوبارہ نشر کیا جائے گا۔

Uria App

کسانوں کو بروقت یوریا فراہم کرنے کے لیے ریاستی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی خصوصی ایپ کے ذریعے یوریا خریدنے کی ورنگل ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردھا نے کسانوں کو ہدایت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ کل سے ورنگل ضلع میں یہ نظام نافذ کیا جائے گا۔اس سلسلے میں انہوں نے ضلع کے محکمہ زراعت کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔کلکٹر نے وضاحت کی کہ یوریا ایپ کے مؤثر نفاذ میں محکمہ زراعت اور کھاد ڈیلروں کا کردار نہایت اہم ہے۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ کسانوں کو ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے میں بھرپور تعاون فراہم کیا جائے۔

Weather

محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں مشرقی اور جنوب مشرقی سمتوں سے سرد ہوائیں چل رہی ہیں۔ حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز کے مطابق، آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست بھر میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے 2 سے 3 ڈگری سینٹی گریڈ کم رہنے کا امکان ہے۔

Assembly

تلنگانہ اسمبلی کے اجلاس کل سے شروع ہونے والے ہیں۔ان اجلاسوں میں کئی اہم اور کلیدی امور پر بحث متوقع ہے۔خاص طور پر ندیوں کے پانی اور مقامی اداروں کے انتخابات سے متعلق معاملات اسمبلی میں زیرِ بحث آنے کا امکان ہے۔ان اجلاسوں کے دوران کرشنا اور گوداوری ندیوں کے آبی حقوق کے تحفظ، پالمورو رنگاریڈی لفٹ اِریگیشن پراجکٹ کے لیے پانی کی الاٹمنٹ میں کمی، کانگریس حکومت کے دوسالہ دورِ اقتدار کا جائزہ، انتخابی وعدوں پر عمل آوری میں کوتاہیوں اور کسانوں کے قرض معافی اسکیم پر عمل درآمد جیسے موضوعات پر اپوزیشن کی جانب سے حکومت سے سوالات کیے جانے کا امکان ہے۔

○○